## فوج کواقتدار کا راستہ دکھانے والے چوردروازے سے اقتدار کے حصول کی کوشش کررہے ہیں، ڈاکٹر فاروق ستار

## ایم کیوایم "جیواور جینے دو" کے فلسفہ پرعمل پیراہوکر پرامن جمہوری جدوجہد کررہی ہے

## متحدہ قومی موومنٹ میں عزت کا معیار دولت اور خاندان نہیں بلکہ صرف کام ہے، امان اللہ خان

## ایم کیوایم کا قومی دھارے میں شامل ہونا غریب ومتوسط طبقہ کی فتح ہے، غیاث الدین

## لاہور میں ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب

لاہور۔۔۔27، اگست 2007

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ایک کثیر الجہتی تحریک ہے اور اگر ملکی مسائل کا حل کسی کے پاس ہے تو وہ صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ہیں جن کی جدوجہد اپنی ذات کے اقتدار کیلئے نہیں بلکہ ملک کے محروم عوام کیلئے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان، آرگنائزنگ کمیٹی کے ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کی آرگنائزر ڈاکٹر لالہ رخ مصطفٰی، پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز، پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ملک زاہد، یاسین آزاد، جاوید شاہ، سردار ہمایوں خان، محمد طفیل ٹھاکر، ڈاکٹر علی حسین اور سیکریٹری اطلاعات پنجاب عنصر علی بُٹر بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے اپنے مفادات کی خاطر فوج کو اقتدار کا راستہ دکھایا اور آج وہی عناصر دوبارہ چوردروازے سے اقتدار کے حصول کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی، فکری اور انقلابی تحریک ہے جو "جیواور جینے دو" کے فلسفہ پرعمل پیراہوکر پرامن جمہوری جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی تاریخ کے انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور ملک کو دیگر مسائل کے ساتھ ساتھ قیادت کا مسئلہ بھی درپیش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی وہ واحد رہنماء ہیں جو 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی نمائندگی کرتے ہیں اور پاکستان کی روایتی موروثی سیاست کے خلاف عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ملک کی تیسری بڑی سیاسی جماعت کے قائد ہونے کے باوجود جناب الطاف حسین نے آج تک نہ تو خود کوئی الیکشن لڑا ہے اور نہ ہی اپنے کسی رشتہ دار کو انتخابات کے ذریعے منتخب کروایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ دینے والوں نے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کارنامہ انجام نہیں دیا جبکہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے نہ صرف غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کی آواز بلند کی بلکہ غریب ومتوسط طبقے کے تعلیم یافتہ اور باصلاحیت افراد کی اسمبلیوں اور ایوانوں تک رسائی کو یقینی بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی طرح پنجاب کے غریب عوام بھی پنجاب کے سیاسی جمود کو توڑیں گے اور پنجاب کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام بھی اپنے ووٹ کی طاقت سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام، موروثی سیاست اور مفاد پرستی کی سیاست کا خاتمہ کردیں گے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے پنجاب کے تمام ضلعی عہدیداروں کو پرزور دیا کہ وہ پنجاب کے ایک ایک علاقے میں تحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے محنت ولگن اور مستقل مزاجی سے کام کرتے رہیں۔

قبل ازیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان ایڈوکیٹ نے کہا کہ سیاسی کارکنان کسی بھی جماعت کا اثاثہ ہوتے ہیں لیکن پاکستان کی تقریباً تمام ہی سیاسی جماعتیں اس اثاثے سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد جماعت ہے جس میں عزت کا معیار دولت اور خاندان نہیں بلکہ صرف اور صرف کام ہے یہی وجہ ہے کہ تحریک کی اعلیٰ قیادت اور کارکنان کے درمیان روحانی رشتہ قائم ہے۔ پنجاب کے سینئر ڈپٹی آرگنائزر غیاث الدین جانباز نے کہا کہ ایم کیوایم آگ اور خون کا دریا عبور کرکے آج پنجاب تک پہنچی ہے اور اسے جتنا دبایا جائے گا یہ اتنی زیادہ ابھر کر سامنے آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا قومی دھارے میں شامل ہونا غریب ومتوسط طبقہ کی فتح ہے۔

## حق پرست قیادت شہر کی ترقی کیلئے کوشاں ہے۔، وفاقی وزیر شمیم صدیقی
## کچھ عناصر جان بوجھ کر ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ پیدا کرنا چاہتے ہیں
## الطاف حسین کی مخلصانہ جدوجہد نے پنجابی پختون عوام کے دل جیت لئے ہیں۔ملیر میں اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔27،اگست 2007ء

وفاقی وزیر مواصلات شمیم صدیقی نے کہا ہے کہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں نے ثابت کردیا ہے کہ حق پرست قیادت اقتدار میں ہو یا نہ ہو اس کے نزدیک عوامی خدمت اولین ترجیح ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو ماڈل کالونی جناح گارڈن یوسی 1 میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں پنجابی ، پختون ، سرائیکی اور دیگر قومیتوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، رکن سندھ اسمبلی حمید الظفر ،ملیر کے حق پرست ٹاؤن ناظم انصار شیخ ،ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار احمد اور اراکین بھی موجود تھے۔شمیم صدیقی نے کہا کہ ملیر ٹاؤن سمیت شہر بھر میں جاری بلاتفریق تعمیر وترقی کے منصوبوں نے ایم کیوایم پر عائد کئے گئے تمام الزامات کو جھوٹا ثابت کردیا ہے اور عوام اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ حق پرست قیادت ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کررہی ہے جس سے شہر اور اس کے عوام کے حالات زندگی بہتر ہورہے ہیں اور انہیں بنیادی سہولیات میسر آرہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ کراچی کے شہر کے خلاف ہونے والی سازشوں سے ہمیں ہوشیار رہنا چاہئے کیونکہ کچھ عناصر جان بوجھ کر ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ پیدا کرنا چاہتے ہیں۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان نے کہا کہ ایک سازش کے تحت پنجابی ، پختون اور اردو بولنے والوں کو لڑایا گیا تاکہ پنجابی پختونوں کو ایم کیوایم سے متنفر کیا جائے لیکن ان تمام سازشوں کے باوجود جناب الطاف حسین کی مخلصانہ جدوجہد نے پنجابی پختون عوام کے دل جیت لئے ہیں اور آج کثیر تعداد میں پنجابی ، پختون ، سرائیکی ، گلگتی ، کشمیری اور ہزارے وال قومیتوں کے افراد ایم کیوایم میں شامل ہوکر اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہے ہیں۔اجتماع سے حق پرست ٹاؤن ناظم ملیر ٹاؤن انصار احمد نے بھی خطاب کیا۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نوشہرو فیروز دریا خان مری کی حق پرست کونسلر محترمہ روبینہ کی صاحبزادی نادیہ بے بی ، ایم کیوایم مواچھ گوٹھ یونٹ کی کارکن ناز بی بی کے شوہر ،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 175 کے کارکن محمد نوید خان کے والد محمد جمیل خان اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 149 کے کارکن سلیم پاشا کے بڑے بھائی محمد یعقوب پاشا کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام کا اتحاد فرسودہ نظام کے خاتمہ کی نوید ہے،اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔27،اگست 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ لاہور میں منعقدہ ایم کیوایم پنجاب ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی سے مفاد پرست عناصر شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں فروغ پا رہا ہے،مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں اور پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام کا اتحاد فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کہ نوید ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ ملک بھر کے عوام کے دلوں میں گھر کررہا ہے اور پنجاب کے کارکنان ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ اور نظرئیے کو مزید فروغ دیکر ثابت کردیں گے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سپاہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب ورکرز کنونشن کی کامیابی دراصل ان سازشی عناصر کیلئے خوف کا باعث بن چکی ہے جو ایم کیوایم مخالفت میں دشمنی پر اترے ہوئے ہیں اور ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشیں کرکے اسے بدنام کرنے کی کوششیں کررہے ہیں۔اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے پنجاب ورکرز کنونشن کی کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد پیش کی اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆